پریس ریلیز

# 25 برس قبل بھرتی: جنرل ہسپتال کی 29 نرسز کو گریڈ 17 مل گیا

## ترقی ملنا خوش آئند امر، ذمہ داریاں بڑھ گئیں، مزید لگن کے ساتھ کام کریں: پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 2 مئی:...... محکمہ صحت پنجاب نے ینگ نرسز ایسوسی ایشن لاہور جنرل ہسپتال کی صدر خالدہ تبسم سمیت 29 نرسز کو گریڈ 17 میں ترقی دینے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، اب یہ ہیڈ نرسز کے عہدوں پر اپنے فرائض سرانجام دیں گی۔ پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر سے خالدہ تبسم سمیت تمام نرسز نے ملاقات کی جنہوں نے ترقی ملنے پر نرسز کیلئے مبارکباد دیتے ہوئے کامیابی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ مبارکباد دینے والوں میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر خالد بن اسلم کے علاوہ ڈپٹی چیف نرسنگ سپرنٹنڈنٹ رمضان بی بی اور پرنسپل نرسنگ کالج مسز میمونہ ستار شامل ہیں۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ یہ نرسز 1998 سے چارج نرسز کے طور پر خدمات سرانجام دے رہیں تھیں جنہیں ایک مخصوص عرصہ ملازمت کے بعد گریڈ 17 میں ترقی دے دی گئی ہے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا کہ سرکاری ملازمت میں ترقی ملنے سے نئے عزم کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملتا ہے، نرسنگ کا شعبہ چیلنجز اور مشکل کے ماحول میں کام کرنے کا نام ہے جس میں ہماری خواتین نے ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کرتے ہوئے ڈاکٹرز کے شانہ بشانہ کامیابیاں حاصل کی ہیں اور بالخصوص کورونا، ڈینگی اور دیگر وبائی امراض کے دوران شاندار خدمات سرانجام دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 29 نرسز کی گریڈ 17 میں ترقی خوش آئند امر ہے جس کے بعد وہ ادارے کی بہتری اور مریضوں کی زیادہ خدمت کر سکیں گی۔ پروفیسر الفرید ظفر نے نرسز کو تلقین کی کہ وہ اپنی سروس کے ساتھ ساتھ مزید تعلیم کا سلسلہ بھی جاری رکھیں تا کہ انہیں عملی زندگی میں آگے بڑھنے کے مواقع میسر آ سکیں۔ ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم نے بتایا کہ گریڈ 17 میں ترقی ملنے والی نرسز کو جنرل ہسپتال کے مختلف شعبوں میں بطور ہیڈ نرس تعینات کیا جائے گا جہاں یہ اپنی نئی ذمہ داریاں سرانجام دیں گی اور علاج معالجے کا معیار مزید بلند ہو گا۔

صدر ینگ نرسز ایسوسی ایشن خالدہ تبسم و دیگر نرسز نے ترقی ملنے پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ انہیں یہ کامیابی مریضوں کی دعاؤں اور انتھک محنت کی بدولت ملی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں شکر بجا لانے کے ساتھ ساتھ زیادہ محنت اور لگن کے ساتھ کام کرنے کا عہد کرتی ہیں اور انشاء اللہ مستقبل میں مزید کامیابیاں حاصل کرینگی۔ اس موقع پر گریڈ 17 حاصل کرنے والی نرسز نے مٹھائی بھی تقسیم کی اور مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆☆



ینگ نرسز ایسوسی ایشن جنرل ہسپتال کی عہدیداران ترقی ملنے پر صدر خالدہ تبسم کو پھول پیش کررہی ہیں